# 02-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی اور جاپان کی وزیراعظم سنائے تاکا یچی نے نئی دہلی میں اعلیٰ سطحی مذاکرات کئے اور دونوں ممالک کے درمیان خصوصی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔ یہ ریاستی کابینہ کا پہلا ڈیجیٹل اجلاس ہے۔اس اجلاس میں کئی اہم امور پر غور وخوص کیا جارہا ہے۔

۔فلاحی ہاسٹلس میں مبینہ بدعنوانی کے الزامات پر کانگریس وزراء اور بی آر ایس رہنماؤں کے درمیان سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔

۴۔ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ایک لاکھ اندراماں مکانات کی تعمیر کیلئے جلد ہی ٹنڈرس طلب کئے جائیں گے۔

PM-JAPAN:

وزیراعظم نریندر مودی اور جاپان کی وزیراعظم سنائے تاکا یچی نے نئی دہلی میں اعلیٰ سطحی مذاکرات کئے اور دونوں ممالک کے درمیان خصوصی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر اقتصادی وتوانائی تحفظ، دواسازی، دفاع اور مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں متعدد دوطرفہ معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔ دونوں رہنماؤں نے مصنوعی ذہانت سے متعلق ایک مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا، جس کا مقصد جاپان کی جدید ٹکنالوجی اور بھارت کی سافٹ ویر مہارت کو یکجا کرتے ہوئے عالمی سطح پر اے آئی کی ترقی کو فروغ دینا ہے۔اس کے علاوہ، دونوں ممالک نے اپنے پہلے مشترکہ دفاعی منصوبہ کے تحت دفاعی ساز وسامان کی مشترکہ تیاری کے معاہدہ پر بھی دستخط کئے۔ بھارت اور جاپان نے دیہی علاقوں میں ایک ہزار بایوگیس اور نامیاتی کھاد کے پلانٹس کے قیام کے لئے 'انڈیا۔جاپان بایوگیس انیشی ایٹو' کا بھی آغاز کیا۔ رہنماؤں نے آزاد اور کھلے ہند۔بحرالکاہل خطہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے

باہمی اعتماد اور ٹکنالوجی شراکت داری کو دونوں ممالک کے تعلقات کا بنیادی ستون قرار دیا۔

NSD

Sound Byte

VB GRAM G:

دیہی ترقی، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ حکومت کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ کوئی بھی غریب مزدور روزگار سے محروم نہ رہے اور ہر ہاتھ کو کام ملے۔ انہوں نے آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو کے ہمراہ آج ضلع تروپتی کے موکا واری پلی گاؤں میں وی بی جی رام جی اسکیم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس اسکیم کے تحت روزگار کی مدت 100 دن سے بڑھا کر 125 دن کر دی گئی ہے۔

NSD

Sound Byte

INDIRAMMA HOUSES:

تلنگانہ کے وزیر امکنہ پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت جلد ہی اندرونی رنگ روڈ کے اطراف ایک لاکھ اندراماں مکانات کی تعمیر کے لئے ٹنڈر جاری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زمین کے حصول کا عمل جلد مکمل ہونے والا ہے۔ گوشہ محل میں ڈبل بیڈروم مکانات کے پٹوں کی تقسیم کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت کا مقصد ہر غریب خاندان کو ان کی ملازمت یا روزگار کی جگہ کے قریب رہائش فراہم کرنا ہے نہ کہ انہیں شہر کے مضافاتی علاقوں میں منتقل کرنا۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدائی مرحلہ میں ریاست کے 19 اسمبلی حلقوں میں ایک ہزار تک مکانات تعمیر کیے جائیں گے اور حکومت عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دیتے ہوئے بدعنوانی سے پاک حکمرانی کے لئے پرعزم ہے۔

PTC/HYD

PONGULETI

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے بی آر ایس پارٹی کے مبینہ جارحانہ رویہ کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانگریس حکومت کسی بھی قسم کی دھمکیوں سے مرعوب ہونے والی نہیں۔ انہوں نے اپوزیشن رہنماؤں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ دوبارہ اقتدار میں آنے کی خوش فہمی میں مبتلا ہیں اور اپنی سابقہ بدعنوانیوں کا الزام موجودہ حکومت پر عائد کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ ریاستی وزیر نے دعویٰ کیا کہ بی آر ایس رہنما کھلے مباحثہ کا سامنا کرنے کے بجائے فرار ہوگئے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر اپوزیشن کا یہی طرزِ عمل جاری رہا تو انہیں حزبِ اختلاف کا درجہ بھی برقرار رکھنا مشکل ہوجائے گا۔

PTC/HYD

CLASH:

فلاحی ہاسٹلس میں مبینہ بدعنوانی کے الزامات پر کانگریس وزراء اور بی آر ایس رہنماؤں کے درمیان سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ کانگریس کے وزراء پونم پربھاکر، اڈلوری لکشمن اور محمد اظہرالدین گن پارک پہنچے اور کہا کہ چار محکموں میں خریداری کا پورا عمل شفاف طریقہ سے انجام دیا گیا ہے۔ انہوں نے اپوزیشن کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا۔ دوسری جانب بی آر ایس کے رہنما کے ٹی راما راؤ اور ٹی ہریش راؤ تلنگانہ بھون میں جمع ہوئے جہاں وہ ریاست کے بڑھتے ہوئے قرضوں اور حکومت پر بدعنوانی کے الزامات کے موضوع پر مباحثہ کی تیاری کررہے تھے۔ اس دوران پولیس نے ٹی ہریش راؤ کو گن پارک جانے سے روک دیا، جس پر بی آر ایس کارکنوں اور پولیس کے درمیان تلخ کلامی اور دھکم پیل ہوئی۔ بعد ازاں پولیس نے حفاظتی حصار توڑنے کی کوشش کے دوران ہریش راؤ سمیت متعدد اپوزیشن رہنماؤں کو حراست میں لے لیا۔

PTC/HYD

JUPALLY:

تلنگانہ کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ سابق بی آر ایس حکومت ریاست پر مجموعی طور پر 28 لاکھ 21 ہزار 651 کروڑ روپے کے قرضوں اور بقایا جات کا بوجھ چھوڑ کر گئی ہے۔ گن پارک میں شہداء کی یادگار پر اعداد وشمار پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی براہِ راست مالی ذمہ داریاں 2014 میں 84 ہزار 268 کروڑ روپے سے بڑھ کر 2023 کے آخر تک 5 لاکھ 16 ہزار 881 کروڑ روپے تک پہنچ گئیں جبکہ ملازمین اور محکمہ بجلی کے اربوں روپے کے واجبات بھی باقی ہیں۔ انہوں نے بی آر ایس قیادت کو عوامی مباحثہ کا چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ اگر ان کے پیش کردہ اعداد وشمار غلط ثابت ہوئے تو وہ اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیں گے۔

PTC/HYD

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام عائد کیا کہ مباحثہ کا چیلنج دینے کے باوجود وہ خود سامنے آنے سے گریز کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے رہنما تلنگانہ بھون میں ان کا انتظار کرتے رہے لیکن وزراء وہاں نہیں پہنچے۔ انہوں نے گن پارک جانے کی کوشش کے دوران ٹی ہریش راؤ اور دیگر بی آر ایس رہنماؤں کی گرفتاری پر بھی پولیس کے رویہ کی مذمت کی۔

PTC/HYD

BANDI:

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کانگریس اور بی آر ایس کو مباحث کے چیلنج کے سلسلہ میں شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ بنڈی سنجے نے دونوں فریقوں کو چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی گروکل ٹنڈرس، ریاستی قرضوں اور مودی حکومت کی جانب سے فراہم کئے گئے مرکزی فنڈس پر مباحثہ کے لئے تاریخ، وقت اور مقام مقرر کرنے کے لئے تیار ہے۔

PTC/HYD

JOB MELA:

نظام آباد دورل کے رکن اسمبلی ڈاکٹر آر بھوپتی ریڈی نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ حکومت کی جانب سے فراہم کئے جانے والے روزگار کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ ڈسٹرکٹ ٹرینی اینڈ ایمپلائمنٹ محکمہ نے ٹام کام کے اشتراک سے بیرونِ ملک روزگار میلہ کا انعقاد عمل میں لایا جس میں پانچ ہزار سے زائد نوجوانوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر ایلا تری پاٹھی، میئر اُمارانی اور ادارہ کے ڈائرکٹر کانتی ویسلے نے شرکت کی۔ ڈاکٹر بھوپتی ریڈی نے تقررنامے تقسیم کرتے ہوئے نوجوانوں کی مہارت میں اضافہ اور خلیجی مما لک میں کام کرنے والے مزدوروں کی فلاح کے لئے حکومت کی مختلف اسکیموں پر روشنی ڈالی۔

PTC/NZB

STARTUP

حیدرآباد کی بایوٹکنالوجی کمپنی اکیوبایوسس پرائیویٹ لمیٹڈ، جو برک۔سی ڈی ایف ڈی ٹکنالوجی انکیوبیٹر سے وابستہ ہے، مصنوعی ذہانت اور نینوٹکنالوجی کی مدد سے خودکار مدافعتی امراض، جلدی بیماریوں اور دائمی زخموں کے علاج کے لئے جدید طریقہ علاج تیار کر رہی ہے۔ کمپنی نے آیوش کے ضوابط کے مطابق تیار کردہ دو پیٹنٹ شدہ بیرونی استعمال کی ادویات تجارتی سطح پر متعارف کرائی ہیں۔ ان میں سورائسس اور ڈرماٹائٹس اور ذیابیطس کے مریضوں میں پاؤں کے زخموں کے علاج کیلئے دوائیں شامل ہیں۔ کمپنی بھارت، چین اور امریکہ میں اپنے پیٹنٹس کے لئے درخواستیں بھی داخل کر چکی ہے اور اب مصنوعی ذہانت پر مبنی پلیٹ فارمز کے ذریعہ نئی نسل کی موثر اور ہدفی ادویات کی تیاری پر کام کر رہی ہے۔

DESK

PONNAM BUS STAND:

ناگرکرنول کے رکنِ اسمبلی کے راجیش ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی وزیرِ ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر 8 جولائی کو نئے بس اسٹینڈ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ ضلع ہیڈکوارٹر کے بس ڈپو کے قریب مجوزہ مقام کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ حکومت نے اس منصوبہ کے لئے 12 کروڑ روپے منظور کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے بس ٹرمینل میں مسافروں کو جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی، جس سے علاقہ کے ٹرانسپورٹ نظام میں نمایاں بہتری آئے گی۔

PTC/NGKL

Cabinet

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں ریاستی کابینہ کا اجلاس اس وقت سکریٹریٹ میں جاری ہے۔ یہ ریاستی کابینہ کا پہلا ڈیجیٹل اجلاس ہے۔ اس اجلاس میں کئی اہم امور پر غور وخوص کیا جارہا ہے۔ حیدرآباد میٹرو ریل کے بارے میں کابینی اجلاس میں تفصیلی مذاکرات کا امکان ہے۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزرأ اتم کمار ریڈی، پونم پربھاکر، سرینواس ریڈی، سیتا اکا، اڈلوری لکشمن، چیف سکریٹری سنجے جاجو اور چیف منسٹر کے مشیر راما کرشنا راؤ اس اجلاس میں شریک ہیں۔

Desk

○○